## ایم کیوایم کے منتخب نمائندے عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔الطاف حسین

## حیدرآباد کے ضلع ناظم کنورنوید نے الطاف حسین کو ضلعی حکومت کی جانب سے شہر میں فلائی اوورز اور سڑکوں کی تعمیر اور مختلف شعبوں میں کئے جانے والے ترقیاتی کاموں کی تفصیلات سے آگاہ کیا

## الطاف حسین نے حیدرآباد کی ضلعی حکومت کی جانب سے کئے جانے والے ترقیاتی کاموں کو سراہا

لندن۔۔۔25مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ عوام نے متحدہ قومی موومنٹ کو ماضی کے مقابلے میں زیادہ مینڈیٹ دیا ہے لہٰذا ایم کیوایم کے تمام منتخب نمائندوں کو چاہیے کہ وہ عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور عوام کی زیادہ سے زیادہ بلاامتیاز خدمت کریں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار اور رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، محمد انور، طارق میر، محمد اشفاق، آصف صدیقی، مصطفےٰ عزیز آبادی اور حیدرآباد کے حق پرست ضلع ناظم کنورنوید نے شرکت کی۔اجلاس میں ملک کی موجودہ سیاسی ومعاشی صورتحال اور عوام کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی غور وخوص کیا گیا۔اجلاس میں شریک حیدرآباد کے ضلع ناظم کنورنوید نے جناب الطاف حسین کو ضلعی حکومت کی جانب سے شہر میں فلائی اوورز اور سڑکوں کی تعمیر، اسپتالوں، اسکولوں، باغات کی ازسرنو تعمیر وتوسیع، دو نئے فلٹر پلانٹ کی تنصیب اور فراہمی ونکاسی آب کی مختلف اسکیموں، نئے صنعتی زون کے قیام کے سلسلے میں زمین کی فراہمی اور مختلف شعبوں میں کئے جانے والے ترقیاتی کاموں کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے حیدرآباد کی ضلعی حکومت کی جانب سے کئے جانے والے ترقیاتی کاموں کو سراہا اور ضلع ناظم کنورنوید اور حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے تمام حق پرست نمائندوں پر زور دیا کہ وہ شہریوں کے بنیادی مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دیں اور شہر کی تعمیر وترقی کیلئے کی جانے والی کوششوں کو مزید تیز کریں۔انہوں نے حق پرست نمائندوں سے مزید کہا کہ عام آدمی کے مسائل کے حل اور تعمیر وترقی کیلئے ایسے ٹھوس اور عملی اقدامات کئے جائیں کہ عوام خود اس کا اظہار کریں۔انہوں نے حق پرست نمائندوں کو تلقین کی کہ وہ کارکنان اور عوام کے ساتھ عاجزی وانکساری اور خندہ پیشانی سے پیش آئیں۔جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار کو ہدایت کی کہ وہ حیدرآباد کا دورہ کریں اور ضلعی حکومت کی جانب سے کرائے جانے والے ترقیاتی کاموں اور حق پرست نمائندوں کی کارکردگی کا جائزہ لیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہیپا ٹائٹس کے مرض کے خاتمہ کی ایک روزہ مہم

## نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال میں 2500 افراد کو ہیپا ٹائٹس سے بچاؤ کیلئے حفاظتی ٹیکے لگائے گئے

کراچی۔۔۔25مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام ہیپا ٹائٹس کے مرض کے خاتمہ کیلئے ایک روزہ مہم کا انعقاد کیا گیا جس کے دوران 2500 افراد کو ہیپا ٹائٹس بی کے مرض سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے لگائے گئے۔اس سلسلے میں نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال فیڈرل بی ایریا میں زبردست انتظامات کئے گئے تھے اور صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک لوگوں کو ہیپا ٹائٹس بی کے حفاظتی ٹیکے بغیر کسی وقفے کے لگائے گئے۔حق پرست رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی خالد بن ولایت نے نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال کا دورہ کیا اور ہیپا ٹائٹس بی مرض سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے لگانے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع حق پرست اراکین اسمبلی سفیان یوسف اور خالد بن ولایت نے کہا کہ ایم کیوایم کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن اپنی فلاحی سرگرمیوں کے باعث عوام میں بیحد مقبولیت اختیار کررہا ہے، اس ادارے کے تحت مفت آئی کیمپس، پولیو مہم، امدادی پروگراموں کے انعقاد کے علاوہ سال بھر غریب ونادار افراد کی کفالت کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے پر عمل پیرا ہے اور انسانیت کی بے لوث خدمت انجام دے رہا ہے۔انہوں نے ہیپا ٹائٹس بی کے مرض سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے کی ایک روزہ مہم کا انعقاد کرنے پر نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال کے عملے کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 34 کے کارکن جہانزیب کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا گیا

کراچی ۔۔۔25، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 34 کے کارکن جہانزیب ولد راؤ محمد انور کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا فرد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں ۔

## نجی ٹی وی کے سینئر رپورٹر امجد عزیز بھٹی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔25، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آج ٹی وی کے سینئر رپورٹر امجد عزیز بھٹی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ امجد عزیز بھٹی مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ ( آمین )

## حق پرست سینیٹر عباس کمیلی نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان انچارج انور عالم کی عیادت کی

کراچی ۔۔۔25، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم تیزی سے روبہ صحت ہو رہے ہیں تاہم انہیں ڈاکٹروں کی جانب سے آرام کا مشورہ دیا گیا ہے ۔ اتوار کے روز حق پرست سینیٹر عباس کمیلی نے مقامی اسپتال جا کر انور عالم کی عیادت کی اوران کی خیریت دریافت کی ۔ انہوں نے انور عالم کی علالت پر تشویش کا اظہار کیا اوران کی جلد مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی ۔ واضح رہے کہ رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم گزشتہ کئی روز سے مقامی اسپتال کے انتہائی نگہداشت کے شعبہ میں زیر علاج ہیں ۔

☆☆☆☆☆